*LESSON # 83*
*PARA # 7*
*SURAH: Al-’An’am*
*AYAAT # 93 - 110*

➖➖➖➖➖➖➖➖➖➖

⚜ *Ayat # 93*

سوال1) اس آیت میں سب سے بڑا ظالم کس کو کہا گیا ہے؟

🔴 Q1) Is Ayat mein sab say bara zalim kis ko kaha gaya hai?

جواب
1-جو اللہ پر جھوٹ گھڑے 2- وہ جو نبوت کا دعوی کرے یعنی کہ میری طرف وحی کی جاتی ہے حالانکہ اس کی طرف وحی نہیں کی گئی
3- اور جو یہ کہے کہ جو اللہ نے نازل کیا ہے میں بھی اسی کی طرح نازل کروں گا یعنی قرآن کے جیسی کتاب پیش کرنے کا دعوی کرنا

🅰️
1-Jo Allah par jhoot gharey
2-Wo jo nabuwat ka dawah karey  ya'ni ky meri taraf Wahi ki jati hai  halankey us ki taraf Wahi nahi ki gaee
3- Aur jo yeh kahey ky Allah nay jo  nazil kiya hai  mein bhi usi ki tarah nazil karon ga
Ya'ni Quran kay jaisi kitaab paish karnay ka dawah karna

سوال2) رسوا کن عذاب کن کےلیے ہے؟

🔴 Q2) Ruswa kun azaab kin kay liye hai?

جواب
1-جو اللہ پر نا حق بات کرے
2- جو اللہ کی آیات سے تکبر کرے
🅰️
1-Jo Allah par na haq baat karey
2-Jo Allah ki ayaat say takabur karey
➖➖➖➖➖➖➖➖➖➖

⚜ *Ayat # 94*

سوال) قیامت میں انسان کیسے اٹھایا جائے گا؟

🔴 Q) Qiyamat mein Insaan kaisay uthaya jaye ga?

جواب
1- اکیلا
2- برہنہ
3- غیر مختون

🅰️
1-Akaila
2- Barhana
3-Ghair makhtoon
➖➖➖➖➖➖➖➖➖➖

⚜ *Ayat # 95*

سوال1) اللہ تعالی کی کیا صفات اس آیت میں بتائی گئی ہیں؟

🔴 Q1) Allah Ta'ala ki kiya sifaat is ayat mein bataee gae hein?

جواب
•اللہ دانے اور گٹھلی کو پھاڑنے والا ہے
•وہ زندہ کو مردہ سے اور مردہ کو زندہ سے نکالتا ہے

🅰️
● Allah danay aur ghutli ko phaarney wala hai
● Wo zindah ko murda say aur murda ko zindah say nikalta hai.

سوال2) مردہ سے زندہ اور زندہ سے مردہ نکلنے کی ایک ایک مثال دیں؟

🔴 Q2) Murda say zindah aur zindah say murda nikalny  ki aik aik misaal dein?

جواب
•مردہ سے زندہ کو نکالنا

1- ایک بیج جو مردہ ہوتا ہے اس کو زمین میں دبا دیتے ہیں اس سے زندہ درخت نکل آتا ہے
2- انڈا سے بچہ نکلنا

• زندہ سے مردہ کو نکالنا

1- زندہ درخت سے مردہ پتوں کا نکلنا
2- مردہ بچے کی پیدائش
3- مرغی سے انڈا نکلنا

🅰️

•Murda say zinda ko nikaaln

1- Aik beej jo murdah hota hai  us ko zameen mein daba daitey hein us say zindah darakht nikal aata hai
2- Anday say bacha nikalna

● Zindah say murdah ko nikaalna

1-  Zinda darakht say murdah patton ka nikalna
2- Murda bachay ki paidaish
3- Murghi say anda nikalna
➖➖➖➖➖➖➖➖➖➖

⚜ *Ayat # 95 - 99*

سوال) ان آیات میں اللہ کی کون کون سی صفات کا ذکر ہے؟

🔴 Q) In Ayat mein Allah ki koun koun si sifaat ka zikar hai?

جواب
1- بے شک اللہ دانے اور گٹھلی کو پھاڑنے والا ہے
2- زندہ سے مردہ کو اور مردہ سے زندہ کو نکالنے والا ہے
3- صبح کو پھاڑنے والا ہے
4- اللہ نے رات کو باعثِ سکون بنایا
5- اللہ نے سورج اور چاند کو حساب کا ذریعہ بنایا
6- انسانوں کے لیے خشکی اور سمندر کی تاریکیوں میں راہ بنانے کےلیے ستارے بنائے
7- اللہ نے تمام انسانوں کو نفس واحد سے پیدا کیا
8- اللہ نے تمام انسانوں کے رہنے کی جگہ اور سپرد کئے جانے کی جگہ یعنی قبر مقرر کی
9- آسمان سے پانی نازل کیا اور اس سے ہر طرح کے نباتات اگائے
10- ہر طرح کے پھل پیدا کئے

🅰️
1-  Beshak Allah daanay aur ghutli ko phaarnay wala hai
2- Zindah ko murda say, aur murda say zindah ko nikaalnay wala hai
3-  Subah ko phaarnay wala hai
4-Allah nay raat ko ba'is e sakoon banaya hai
5- Allah nay sooraj aur chand ko hisaab ka zariya banaya hai
6- Insanon ky liye khushki aur samandar ki tareekiyon mein rah dikhanay kay liye sitaray banaye
7- Allah nay tamaam Insaanon ko nafs e wahid say paida  kiya
8- Allah nay tamaam Insaanon ki rehnay ki jagah ,aur sapurd karnay ki jagah  ya'ani Qabr mukarar ki
9- Asmaan say paani nazil kiya aur is say har tarah kay nabataat ugaye

10- Har tarah kay phal paida kiye
➖➖➖➖➖➖➖➖➖➖

⚜ *Ayat # 98*

سوال) مستقر اور مستودع سے کیا مراد ہے؟

🔴 Q) مستقر aur مستودع say kiya murad hai?

جواب
•مستقر
ق ر ر _ _ _ ماں کا پیٹ _ ( رحم )دنیا میں انسان کے رہنے کی جگہ

•مستودع
انسان کے سپرد کئے جانے کی جگہ یعنی قبر

🅰
•Mustakar
Maan  ka pait       ق-ر-ر
(Rehm)
Duniya mein Insaan kay rahnay ki jagah

•Mustau'da
Insaan kay sapurd kiye janay ki jaga ya'ani qabr.
➖➖➖➖➖➖➖➖➖➖

⚜ *Ayat # 100*

سوال) اس آیت میں کس چیز کی تردید کی گئی ہے؟

🔴 Q) Is ayat mein kis cheez ki tardeed ki gayee hai?

جواب
شرک کی

🅰
Shirk ki
➖➖➖➖➖➖➖➖➖➖

⚜ *Ayat # 101 - 102*

سوال) اللہ تعالی اپنی صفات بتانے کے بعد تمام انسانیت سے کیا مطالبہ کر رہے ہیں؟

🔴 Q) Allah Ta'ala apni sifaat batanay  kay baad  tamaam Insaniyat say kiya mutaliba kar rahy hein?

جواب
صرف اللہ کی عبادت کرو

🅰️
Sirf Allah ki ebaadat karo
➖➖➖➖➖➖➖➖➖➖

⚜️ *Ayat #103*

سوال1)  درک  سے کیا مراد ہے؟

🔴 Q1) درک say kiya murad hai?

جواب
کسی چیز کو گہرائی کے ساتھ دیکھنا

🅰️
Kisi cheez ko gehrae kay sath daikhna

سوال2) "نگاہیں اس کو پا نہیں سکتیں  "   "کس بات کی دلیل ہے؟

🔴 Q2)" Nigahein is ko pa nahi saktein " kis baat ki daleel hai?

جواب
اللہ تعالی مخلوق نہیں ہے مخلوق کو نگاہ پا لیتی ہے

🅰️
Allah Ta'ala makhlooq nahi hai, makhlooq ko niga pa leiti hai

سوال3) بصیرت سے کیا مراد ہے؟

🔴 Q3) Baseerat say kiya murad hai?

جواب
وہ قوت جس سے عقلی حقائق کا پتہ چلایا جا سکے _ دل کے اندر کی قوت

🅰️
Wo quw'wat jis say aqli haqa'ik ka pata chalaya ja saky   - - -Dil kay ander ki quw'wat
➖➖➖➖➖➖➖➖➖➖

⚜ *Ayat # 105*

سوال 1) لِنُبَيِّنَهٗ_ تاکہ ہم بیان کریں اس کو - - - - "اس کو " سے کیا مراد ہے ؟

🔴 Q. لِنُبَيِّنَهٗ.....Takay hum bayan karein us ko.."us ko"...say kiya murad hai?

جواب
قرآن پاک

🅰️
Quran Paak

سوال 2) لِنُبَيِّنَهٗ لِقَوۡمٍ يَّعۡلَمُوۡنَ _ _ _ کیا قرآن صرف علم والوں کےلیے ہے ؟

🔴 Q2) لِنُبَيِّنَهٗ لِقَوۡمٍ يَّعۡلَمُوۡنَ _ _ _Kiya Quran sirf ilam walon kay liye hai?

جواب
جی نہیں قرآن تمام جہان والوں کےلیے ہے لیکن اس سے فائدہ صرف علم والے اٹھاتے ہیں.

🅰️
Ji nahi Quran tamam jahan waloun kay liye hai , leikin is say faida sirf ilm walay uthatay hein
➖➖➖➖➖➖➖➖➖➖

⚜ *Ayat # 106*

سوال) نبی ﷺ کو اس آیت میں کیا حکم دیا جا رہا ہے؟

🔴 Q) Nabi ﷺ ko is ayat mein kiya hukum diya ja raha hai?

جواب
•آپ ﷺ کو جو وحی کی جا رہی ہے اس کی پیروی کیجیئے
•مشرکین سے اعراض برتیں

🅰️
●Aap ﷺ ko jo Wahi ki ja rahi hai, us ki pairvi kijeye
●Mushrikeen say ai'raaz barteyein
➖➖➖➖➖➖➖➖➖➖

⚜ *Ayat # 108*

سوال) اس آیت میں کیا اہم حکم دیا جا رہا ہے اور کیوں؟

🔴 Q) Is Ayat mein kiya ahem hukum diya ja raha hai aur kiyon?

جواب
مشرکین جن کو اللہ کے سوا پکارتے ہیں ان کو گالی نہ دو اس لئے کہ وہ بھی بغیر علم کے اللہ کو زیادتی کر کے نعوذ بااللہ گالی دیں گے.

🅰️
Mushrikeen jin ko Allah kay siwa pukaartey hein un ko gaali na do, is liye kay wo bhi baghair ilm kay Allah ko ziyadati kar kay, naooz o billah gaali dein gay.
➖➖➖➖➖➖➖➖➖➖

⚜ *Ayat # 109*

سوال1) اہل مکہ کس بات پر قسمیں کھاتے تھے؟

🔴 Q1) Ahle Makkah kis baat par kasmein khatey thay?

جواب
وہ اس بات پر قسم کھاتے تھے اگر ان کے پاس کوئی نشانی آئے گی تو وہ ضرور اس پر ایمان لائیں گے۔

🅰️
Wo is baat par kasmein khatey thay agar in key paas koe nishani aye gi tu wo zaroor is par emaan ley aayein gay.

سوال2) کیا کوئی نبی اپنی مرضی سے نشانیاں لا سکتا ہے؟

🔴 Q2) kiya koee Nabi apni marzi say nishaniyan laa sakta hai?

جواب
جی نہیں سب نشانیاں اللہ کے پاس ہیں

🅰️
Ji nahi sab nishaniyan Allah kay paas hein
➖➖➖➖➖➖➖➖➖➖

⚜ *Ayat # 110*

سوال) جو لوگ پہلی بار حق دیکھ کر انکار کر دیتے ہیں ان کے ساتھ کیا معاملہ کیا جاتا ہے؟

🔴 Q) Jo log pehli bar haq dekh kar inkaar kar dety hein un kay sath kiya muamila kiya jata hai?

جواب

ان کے دل اور نگاہیں حق سے پھیر دی جاتی ہیں ان کو ان کی سرکشی میں ہی بھٹکتے ہوئے چھوڑ دیا جاتا ہے

🅰️
Un kay dil aur nigahein haq say phair di jati hein un ko un ki sarkashi mein hi bhatakty huway chorr diya jata hai
➖➖➖➖➖➖➖➖➖➖